تعارف و تبصرۂ کتب

ادارہ

حیاتِ صوفیہ | از مولانا محمد ادریس انصاری - صفحات ۷۹۲ - قیمت ۸۰/- روپے

پتہ :- ادارہ تبلیغ اسلام - صادق آباد - پاکستان -

مولانا عبدالرحمٰن جامی نے شیخ ابو عبدالرحمٰن محمد بن حسین سلمیؒ کی عربی کتاب " طبقات الصوفیہ " کو اپنے مرید خاص امیر نظام الدین کی استدعا پر مروجہ فارسی زبان میں لکھا اور اس کا نام نفحات الانس من حضرات القدس تجویز کیا جس میں ۶۱۸ مشاہیر صوفیہ اور علمار ربانی کا تذکرہ ہے اور آخر میں امت مرحومہ کی مایہ ناز ۳۴ خواتین کا تذکرہ لکھا ہے جو عرفانی منزلوں میں مردوں کے مقام پر پہنچی ہوئی تھیں ان کے تذکرہ سے پہلے یہ اشعار لکھ دئے گئے ہیں ؎

ولو کان النساء کمن ذکرنا ——— لفضلت النساء علی الرجال

فلا التانیث لاسم الشمس عیب ——— ولا التذکیر فخر للهلال

مولانا جامی نے تمام سلاسل کے مشائخ کے تذکرہ کے ضمن میں ان کے اذواق و مواجید ان کے افکار عارفانہ اور حکیمانہ اقوال، ان کے حکایات و واقعات، تہذیب نفس کے مختلف مراحل توبہ ورع زہد فقر صبر توکل رضا تسلیم وغیرہ کو اس کتاب میں "دریا بہ کوزہ اندر" کے مصداق بڑے احسن طریقہ سے سمو دیا ہے مولانا محمد ادریس انصاری پوری امت کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں جن کی زبردست کاوش سے علوم و معرفت کا یہ بیش بہا خزانہ "حیات صوفیہ" کے نام سے آسان، سلیس اور شگفتہ اردو میں ڈھل کر عام لکھے پڑھے ہوئے انسانوں کیلئے بھی بے حد نافع ہو گیا ہے۔ کتابت، کاغذ اور خوبصورت جلد بندی ہر لحاظ سے معیاری اور دیدہ زیب ہے۔ مگر کہیں کہیں کاتب کی فنکاری سے متن اور حاشیہ مخلوط ہو کر رہ گیا ہے۔ مثلاً صفحہ ۱۹ کا حاشیہ ۲ صفحہ ۲۰ کے متن کے وسط میں لکھ دیا گیا ہے۔ وامثالہا کثیر۔ امید ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا تدارک کر دیا جائے گا۔

(عبدالقیوم حقانی)

آسان مدنی نماز مترجم | از قاری محمد سلیمان صاحب فاضل دارالعلوم حقانیہ - صفحات ۱۱۲ - قیمت ۵/- روپے - پتہ : مکتبہ عثمانیہ ایچ - ایم - سی ٹیکسلا ایچ - الف الیف

قاری محمد سلیمان صاحب دارالعلوم حقانیہ کے نوجوان فاضل ہیں۔ کافی عرصہ سے قرآنی تعلیم و تدریس کی خدمت

بقیہ ص ۵۳